Email- info@awamilalkaar.com

ABC Certified — عوام کی بے ساختہ للکار — MEMBER WUOJ

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعۃ المبارک، 15 اگست 2025ء، 20 صفر المظفر 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 140

پاک فوج کی پیشہ وارانہ مہارت جنگی تیاری پر مکمل اعتماد ہے فیلڈ مارشل

سرحدوں کی حفاظت کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، پاک فوج خطرات سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار، آزادی و خودمختاری پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے

ہم خطے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے متمنی ہیں، پہلگام واقعے کی پاکستان نے نہ صرف مذمت کی بلکہ شفاف عالمی تحقیقات کی پیش کی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان یوم آزادی کے موقع پر گورنر ہاؤس میں پرچم کشائی کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ایس آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یوم آزادی پر تمام اہل پاکستان کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کی پیشہ وارانہ مہارت، جنگی تیاری پر مکمل اعتماد ہے، سرحدوں کی حفاظت کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، پاک فوج خطرات سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہے اور اپنی آزادی، خودمختاری پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ آئی ایس پی آر (بقیہ نمبر 7)

یوم آزادی پر پنجاب بھر میں جشن کی نئی تاریخ رقم

تمام 41 اضلاع میں بیک وقت آتش بازی اور لیزر شوز کا نیا ریکارڈ

لاہور، راولپنڈی اور مری سمیت تمام اضلاع میں آتش بازی کا شاندار مظاہرہ

لاہور (این ایس آئی) یوم آزادی پر پنجاب بھر میں جشن کی نئی تاریخ رقم ہوگئی، تمام 41 اضلاع میں بیک وقت آتش بازی اور لیزر شوز کا نیا ریکارڈ قائم ہوگیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر تمام اضلاع میں 78 ویں یوم آزادی پر خصوصی انتظامات (بقیہ نمبر 8)

الحمدللہ رب العالمین! قوم کو 78 ویں یوم آزادی مبارک

آزاد سرزمین میں باوقار زندگی گزرنے کا موقع ملنے پر اللہ کریم کا شکر ادا کرتے ہیں، مریم نواز شریف

لاہور (این ایس آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے 78 ویں یوم آزادی مبارک ہو۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جشن آزادی پر (بقیہ نمبر 1) کہا ہے کہ "پاکستان ہمیشہ زندہ آباد"۔ الحمد اللہ رب العالمین قوم کو 78 ویں یوم آزادی مبارک ہو نے والی پر وقار تقریب میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے سول و عسکری شخصیات کو اعلیٰ

اسلام آباد خصوصی ٹریفک پلان جاری کر دیا گیا

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا چہلم کے جلوس کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کا مثالی انتظام

اسلام آباد (این ایس آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے چہلم کے جلوس کے دوران ٹریفک کے بہترین انتظامات کو یقینی بنایا۔ اس مقصد کے (بقیہ نمبر 10) اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد ٹریفک

یوم آزادی پر بے روزگاری کے خاتمے کا عزم

نوجوانوں کو معقول روزگار فراہم کیا جائے گا، خالد نواز سدھراج کا قومی تعمیر نو میں کردار ادا کرنے کا اعلان

راولپنڈی (این ایس آئی) پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر نیا ٹیکس ہیون منجمنٹ (سے ایچ ایم) کے سی ای او خالد نواز سدھراج کا یہ اعلان کیا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کے فرمان کے مطابق نوجوانوں کو معقول روزگار (بقیہ نمبر 9) تحت نوجوانوں کو

ایوان صدر میں وقار تقریب کا انعقاد، شرکاء نے قومی پرچم کی سربلندی اور ملک کی خدمت کے عزم کا اعادہ کیا

معرکہ حق میں شاندار کامیابی

فیلڈ مارشل ایئر چیف وفاقی وزراء بلاول بھٹو کو اعزازات عطا

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایئر چیف ظہیر احمد بابر کو ہلال جرات سے نوازا گیا، وفاقی وزراء اسحاق ڈار، عطاء تارڑ، خواجہ آصف کو نشان امتیاز عطا کیا گیا

چیئرمین جوائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا کو بھی نشان امتیاز سے نوازا گیا، ایڈمرل نوید اشرف، بلاول بھٹو زرداری، رانا ثناءاللہ کو بھی نشان امتیاز عطا کیا گیا

اسلام آباد (بیمل ندیم سے) ایوان صدر میں ہونے والی پر وقار تقریب میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے سول و عسکری شخصیات کو اعلیٰ اعزازات سے نوازا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایئر چیف ظہیر احمد بابر کو ہلال جرات سے نوازا گیا، وفاقی وزراء اسحاق ڈار، عطا (بقیہ نمبر 2) نوازا گیا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایئر چیف ظہیر احمد بابر کو ہلال جرات سے نوازا گیا، وفاقی وزراء اسحاق ڈار، عطا (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد صدر مملکت آصف علی زرداری، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ہلال جرات عطا کر رہے ہیں

چیئرمین سی ڈی اے کا پاکستان سوئٹ ہوم کا دورہ

سی ڈی اے پاکستان سویٹ ہوم کے طلبا کی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں تعاون جاری رکھیں گے، یوم آزادی کی تقریبات کے موقع پر طلباء سے خطاب

چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے پاکستان کی آزادی کی اہمیت اور اتحاد، ایمان اور قربانی کی اہمیت پر روشنی ڈالی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) 14 اگست اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے آج مارگلہ تحق اور چیئرمین سی ڈی اے طلحت محمود 2025 چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں ممبر ایڈمنسٹریشن اور اسٹیٹ سی ڈی اے کے ہمراہ پاکستان (بقیہ نمبر 1)

چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے معرکہ حق اور یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں ممبر ایڈمنسٹریشن اور اسٹیٹ سی ڈی اے طلحت محمود کے ہمراہ پاکستان سویٹ ہوم کا دورہ، بچوں کے ہمراہ کیک بھی کاٹا

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا یوم آزادی پر پیغام

آزادی ایک عظیم نعمت اور قربانیوں کا نتیجہ ہے، جسے ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے، سینیٹر روبینہ خالد

اس موقع پر پاک فوج کو "معرکہ حق" میں شاندار کامیابی پر خراج تحسین پیش کرتی ہوں، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر پیغام: آزادی ایک عظیم نعمت اور قربانیوں کا نتیجہ ہے، جسے ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے، سینیٹر روبینہ خالد، پورے دن بھی اتحاد، یکجہتی اور خدمت وطن کے عزم کو یاد دلاتا ہے، سینیٹر روبینہ خالد، اس موقع پر پاک فوج کو "معرکہ حق" میں شاندار کامیابی پر خراج تحسین پیش کرتی ہوں، سینیٹر روبینہ (بقیہ نمبر 4)

پاکستان ہاؤس سنگاپور میں یوم آزادی اور معرکہ حق کی تقریب

ناظم الامور سلمان محمود نے قومی ترانے کی دھن پر پرچم کشائی کی۔ تقریب میں پاکستانی کمیونٹی کے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی

ناظم الامور نے برصغیر کے مسلمانوں کیلئے علیحدہ وطن کے حصول کیلئے تحریک پاکستان کے قائدین کی انتھک جدوجہد اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا

سنگاپور سٹی (نمائندہ عوامی للکار) 14 اگست: پاکستان کا 78 واں یوم آزادی اور معرکہ حق منانے کے لیے جمعرات کو پاکستان ہاؤس سنگاپور میں پرچم کشائی کی تقریب ہوئی، ناظم الامور سلمان محمود نے قومی ترانے کی دھن پر قومی پرچم لہرایا۔ تقریب میں صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کے پیغامات بھی پڑھ کر سنائے گئے۔ اپنے خطاب میں ناظم الامور نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن کے حصول کے لیے تحریک پاکستان کے قائدین کی انتھک جدوجہد اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا جنہاں نے اسلام کے اصولوں کے مطابق باوقار زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے دفاع وطن کے لیے (بقیہ نمبر 5)

14 اگست: پاکستان کا 78 واں یوم آزادی اور معرکہ حق منانے کے لیے پاکستان ہاؤس سنگاپور میں پرچم کشائی کی تقریب کی تصویری جھلکیاں

جب تک ایک پرچم تلے متحد ہیں، کوئی ہمیں شکست نہیں دے سکتا، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این ایس آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے جشن آزادی کے موقع پر پاکستان زندہ باد کا نعرہ بلند کرتے ہوئے پوری قوم کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ہم سب نے آباء اجداد کو خراج عقیدت جن کی قربانیوں سے پاکستان وجود میں آیا۔ یوم آزادی کے موقع پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جب تک ہا اللہ الا اللہ، محمد رسول اللہ (بقیہ نمبر 6)

پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کی تقریب میں سوئی ناردرن گیس ہیڈ آفس میں پرچم کشائی کی تقریب

مہمان خصوصی مینیجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن گیس عامر عظیل تھے، پاکستان کی آزادی کیلئے قائداعظم محمد علی جناح، علامہ اقبال کے کردار کی تعریف کی

سوئی گیس ملازمین ملک کی بہتری اور کمیونٹی کی ترقی کے لئے یک جان ہو کر کام کریں، ایم ڈی سوئی ناردرن گیس، پرچم کشائی اور پودا بھی لگایا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر لاہور میں سوئی ناردرن گیس کے ہیڈ آفس میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی مینیجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن گیس عامر عظیل تھے۔ ایم ڈی نے پاکستان کی آزادی کے لیے قائد اعظم محمد علی جناح، علامہ اقبال کے کردار کی تعریف کی۔ ایم ڈی سوئی ناردرن نے پاک افواج کے معرکہ حق کی فتح پر پاک افواج کو خراج تحسین پیش کیا۔ ایم ڈی نے اپنے خطاب میں ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ملک کی بہتری اور کمیونٹی کی ترقی کے لیے یک جان ہو کر کام کریں۔ بعد ازاں ایم ڈی نے پرچم کشائی اور پودا بھی لگایا۔ تقریب میں اس موقع پر کمیونٹی سینٹر مینجمنٹ اور ملازمین نے بھی شرکت کی۔

پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر لاہور میں سوئی ناردرن گیس کے ہیڈ آفس میں پرچم کشائی کی جاری ہے

آئندہ 15 دنوں کیلئے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا امکان

ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 11.75 روپے فی لٹر کی پٹرول کی قیمت میں 1.32 روپے فی لٹر اضافے کا امکان

اسلام آباد (این ایس آئی) بین الاقوامی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں کمی کے بعد پٹرول کی قیمت میں 1.32 روپے فی لٹر اضافے کا امکان ہے اگلے 15 دن کے لیے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا امکان ہے۔ حتمی حکام نے ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 11.75 روپے فی لٹر کمی کا (بقیہ نمبر 6)

معرکہ حق میں شہداء کے ورثاء سے ملاقات کرنا میرے لئے اعزاز ہے، وزیراعظم

وزیراعظم کا شہداء کے لواحقین کو خراج تحسین پیش کرنا قابل فخر ہے، وزیراعظم

وزیراعظم کا شہداء کے لواحقین کو پاکستان کی ترقی و خوشحالی کا ضامن قرار دین

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC
وقار عظیم، ایڈیٹر انچیف
ایڈیٹوریل بورڈ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

جشن آزادی کی تقریبات

اہل پاکستان وطن عزیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کی 79 واں یوم آزادی قومی اور ملی ہمّاگحت کے جذبے سے معمور ہو ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ جوش و جذبے اور ولولے کے ساتھ اس کے منا رہے ہیں کہ بھارت کی جارحیت کا پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا۔ بھارت کو شکست فاش سے دوچار کرتے ہوئے فتح عظیم حاصل کی۔ ملکی سلامتی و استحکام کے تقاضوں کے تحت میں آج مکار دشمن بھارت کی ان سازشوں کو بھی پیش نظر رکھنا ہے جن کا آغاز اس 5 اگست 2019ء کو اپنے ناجائز ترتسلط کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے ادراے بھارتی سلمٹ یونین کا حصہ بنا کر کیا تھا۔ کشمیری عوام نے جارسال پہلے اس بھارتی جبری اقدام کے خلاف دنیا بھر میں عشرہ احتصال کشمیر منایا جبکہ کل 15 اگست کو کشمیری اور پاکستانی عوام بھارتی یوم آزادی کو یوم سیاہ کے طور پر منائیں گے جس کے دوران اقوام عالم میں بھارتی جبر وتسلط کو اجاگر کیا جائے گا اور مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ کی قرار دادوں کے مطابق حل کے لیے زور دیا جائے گا۔

وطن عزیز کا جشن آزادی قائد اعظم کے ویژن کے مطابق وطن کو امن، ترقی اور خوشحالی کا گہوارہ بنانے کے پختہ عزم کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ اس سلسلہ میں آج ملک بھر میں عام تعطیل ہے۔ پرنٹ میڈیا نے جشن آزادی کے حوالے سے خصوصی اشاعتوں کا اہتمام کیا ہے جبکہ سرکاری اور نجی الیکٹرانک میڈیا کی جانب سے آج وطن سے محبت کے جذبے کو اجاگر کرنے والی خصوصی نشریات کا اہتمام کیا گیا ہے۔ آج دن کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد ملک وقوم کی سلامتی اور ترقی وخوشحالی کی دعاؤں سے ہوگا۔ وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی جائے گی۔ ملک بھر میں مختلف مقامات پر پرچم کشائی کی تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ اسی طرح یوم آزادی کی مناسبت سے آج سرکاری اور نجی سطح پر سیمینار اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جن میں مقررین آزادی کی تحریک میں دی جانے والی قربانیاں اجاگر کرتے ہوئے وطن عزیز کی ترقی واستحکام کے لیے قوم کے بے پایاں جذبہ کا تذکرہ کریں گے۔ حکام اور عوام کے اعلیٰ اقدار اقوال اور قائد اعظم کے مزارات پر حاضری دیں گے، پھولوں کی چادریں چڑھائی جائیں گی اور ملک کی ترقی وسلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی جائیں گی۔

یہ حقیقت تاریخ کے صفحات میں محفوظ ہو چکی ہے کہ متعصب ہندو اکثریت نے مسلم دشمنی کے باعث برصغیر کے مسلمانوں کا مرصہ حیات تنگ کر کے اور انھیں اپنے سے کمتر انسان کا درجہ دے کر دوقومی نظریے کی خود بنیاد رکھی تھی جو تحریک پاکستان کی بھی بنیاد بنی اور بالآخر قیام پاکستان پر منتج ہوئی، جس میں قائد اعظم کے بے بدل قیادت میں ایک ایسے جدید اسلامی فلاحی جمہوری معاشرے کی تشکیل اور اس آزاد خود مختار پاکستان کا تصور متعین ہوا، جس میں مسلمانوں کو مدرسہ عمل مذہبی آزادی حاصل ہوگی بلکہ انھیں اقتصادی غلامی کے شکنجے میں جکڑنے والی ہندو بنیا ذہنیت اور انگریز کے ٹوڈی جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کے استحصال سے بھی نجات ملے گی اور اس خطے کے مغلوب مسلمانوں کی جمہوری جدوجہد کے نتیجہ میں قائم ہونے والی اس مملکت خداداد میں خلق خدا کے راج کا تصور بھی عمل قالب میں ڈھل جائے گا۔ قیام پاکستان کے مقاصد اس کے نظریے اور نظام کے حوالے سے قائد اعظم کے ذہن میں کوئی ابہام نہیں تھا چنانچہ وہ قیام پاکستان کی جدوجہد کے دوران ہر مرحلے پر مسلمانان برصغیر اور دنیا کو قیام پاکستان کے مقاصد سے آگاہ کرتے رہے۔ آج جو دانشور حلقے نظریہ پاکستان اور قیام پاکستان کے مقاصد کے حوالے سے ایک سوچ سمجھے منصوبے کے تحت خلاکن کو منتج کر کے پیش کر رہے ہیں۔

"اے میرے ہم وطنو!"

تحریر: سید زینت ایوب گاھی، اسلام آباد

خوش قسمت ہیں وہ قومیں جو رہتے زمین پر
آزادی کی زندگی جی رہی ہیں
آزادی ہزار نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے
-
بلکہ میں سمجھتی ہوں آزادی افضل ترین نعمتوں میں سے اک نعمت ہے۔

ویسے تو اللہ کے دی ہر نعمت ہی افضل مگر آزادی کے بارے میں اگر بات کی جاتے تو اللہ رب العزت جو کہ بندوں کا خالق ہے اس نے بھی بندوں کو اپنا غلام نہیں بنایا اس نے انسان کو خلق فرمایا اسے شعور عطا فرما کے اچھے اور برے رستے اس کے سامنے رکھ دیے اچھے راستے کے سامنے نبی رب نے اپنے رکھ دی اور برے رستے کے سامنے رب نے اپنی ناراضگی رکھ دی، اب خالق کی بنائی ہوئی مخلوق اچھے راستے پر چلے گی رب کی رضا پانے کے جنوں کی راہی بنے گی اور اگر برے راستے پر چلے گی تو رب کی خفگی یا کہ جہنم کے اندھیں بنے گی۔

یہ حقیقت ہی تو ہے کہ انسان آزاد ہے جتنی چاہے جو کر سکتے ہیں کہ انسان آزاد ہے جتنی کہ اتنا آزاد ہے کہ وہ چاہے تو جہنم پالے چاہے تو جنت پالے۔

اس قدر انسان کو آزادی عطا کرنے کے باوجود رب محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسان کے لیے کچھ حدود وقیود مقرر فرمادیں کہ کہیں انسان کی آزادی بے لگام نہ ہو جائے اور انسان، انسانیت کی قدروں پامال کرنے لگے۔

برصغیر میں جب مسلمانوں کی سلطنت متزلزل کا شکار ہوئی گورے حکمران ہوئے، پنجتی دیر بھی گورے برصغیر میں بطور حکمران رہے مسلمانوں پر کل بازیابی نہ پاسکے

اسی سلسلے کی ایک کڑی میں ایک گورے ریسرچر نے اپنی حکومت کو یہ کہہ کر دیا تھا مسلمان کو بھی بھی آپ غلام نہیں بنا سکتے۔

اب کچھ باتیں حال کے آئینے میں۔

جارج نے پہلگام واقعہ کا الزام پاکستان پر لگاتے ہوئے پاکستان کے خلاف جنگ کا اعلان کر دیا، پاکستان کی حکومت اور فوجی قیادت نے کہا کہ جہاں بین کرائی جائے اگر مجرم پاکستان کے نکلے تو ان کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے گی لیکن ثبوت پیش کیے جائیں اور ثابت کیا جائے ثابت کرنے سے پہلے ہم پر بہتان نہ باندھا جائے۔

مگر بھارت اپنی بہتان بازی پر قائم رہا تھی کہ اس نے پاکستان پر حملہ کر دیا۔

پاکستان نے تین دن تک جوابی کارروائی نہیں کی اور جب کی تو پھر چند گھنٹوں میں فتح اپنے نام کھولی۔

پاکستان کے اس حملے میں بھارت کے جہاز بھی تباہ ہوئے۔

جس کا ثبوت نہ صرف پاکستان کے محافظوں بلکہ پوری دنیا نے دیکھ دیا۔

اتنے ممنوعیں کبھی تو بھارت مکرتا رہا کہ ہمارے جہاز نہیں گرے ہمارا نقصان نہیں ہوا۔ کبھی کہیں کہیں مانا کہ ہاں جنگوں میں نقصان ہو جاتا کرتا ہے لیکن ان کا ذکر نہیں کیا جاتا۔

اے میرے محترم قاری دراصل نئی بات یہ ہوئی کہ بھارت کے ائیر چیف نے اعتراف کر کے کہا کہ ہم نے پاکستان کے پانچ جہاز گرائے۔۔۔۔۔۔۔

بھارت کے جھوٹ میں سن کر قوت دماغ میں سٹیٹا جاتا ہے کہ دنیا میں ایسے ایسے جھوٹے بھی ہوتے ہیں۔

ہم پاکستانیوں کا اپنی پاکستان کی فوج کو سلوٹ پیش کرنا تو بنتا ہے اس بات پر کہ ان کا مقابلہ کیسے کیسے جھوٹوں کے ساتھ ہے۔

میں کوئی شک نہیں کہ ہماری فوج بہادروں میں بہادری کی اعلیٰ مثال قرار کرنے والی ذہین وتیقن تو ہے ہی مگر صابر بھی باکمال ہے۔

جو صبر کا درس کربلا سے لیں پھر ان کے صبر کے چلنے کبھی جھکتے نہیں، پھر چاہے ان کے اپنے ہی ان کے لیے آزمائش بن جائیں ماشاءاللہ

وہ ہر معاملہ بخوبی نبھاہی لیتے ہیں۔

اے میرے محترم قاری اگست کا مہینہ پاکستان کی آزادی قربانی، قیادت اور ذمہ داری کا پیغام لے کر آتا ہے۔

اے میرے ہم وطنو!

اگست کا مہینہ ہمارے لیے خوشی، فخر اور تجدید عہد کا مہینہ ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب ہم اپنی آزادی کی قربانی کو یاد کرتے ہیں اور ان قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جن کے بغیر یہ دھرتی آج ہمارے پاس نہ ہوتی۔

خوش قسمت ہیں وہ قومیں جو دنیا میں آزاد زندگی گزار رہی ہیں۔ آزادی ہزار نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت ہے، بلکہ یہ کہنا بجا ہوگا کہ یہ افضل ترین نعمتوں میں سے ہے۔

اللہ رب العزت نے بھی انسان کو آزاد پیدا کیا۔ اپنے بندوں کو عقل وشعور عطا فرمایا، اچھے اور برے راستے دکھائے۔ اور اختیار دیا کہ کون سا راستہ اپنا ئیں۔ لیکن ساتھ ہی حدود وقیود مقرر فرمائیں تاکہ آزادی یہ نظام نہ ہو اور انسان، انسانیت کی قدروں کو پامال نہ کرے۔ یہی اصول ایک ریاست پر بھی لاگو ہوتے ہیں آزادی ذمہ داری کے ساتھ ہی خوبصورت ہے۔

پاکستان نے قیام کے لیے لاکھوں لوگوں نے قربانیاں دیں۔ یہ بے حد جدید صرف قربانیوں یا جلسوں تک محدود نہ رہی۔ جبر کے دوران قافلوں پر حملے ہوئے، عورتوں نے اپنے بچے قربان کیے، نوجوانوں نے اپنے خون سے سجدے رنگین کیں، اور بوڑھے بزرگوں نے اپنی آخری سانس تک قافلوں کے ساتھ چل کر حوصلہ دیا۔ یہ سب کچھ اس لیے تھا کہ آنے والی نسلیں آزادانہ میں سانس لے سکیں اور اپنے دین وتہذیب کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

قائدین کی حکمت عملی

1940ء کی قرارداد لاہور سے لے کر 14 اگست 1947ء تک ہر قدم سوچ سمجھ کر رکھا گیا۔ محمد علی جناح کی قیادت میں آل انڈیا مسلم لیگ نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک منزل کی طرف گامزن کیا۔ سیاسی بصیرت، اتحاد، اور اصولوں پر ڈٹے رہنے کی بدولت ایک ایسا ملک دنیا کے نقشے پر ابھرا جس کی بنیاد نظریۂ پاکستان پر تھی یعنی ایسا خطہ جہاں اسلام کے اصولوں کے مطابق فلاحی ریاست قائم کی جاسکے۔

آزادی کے بعد دفاع کی داستان

آزادی کا مطلب یہ بھی ہے کہ ہم اپنے ملک کا دفاع کر سکیں۔ بھارت کے ساتھ مختلف جنگوں میں ہماری افواج نے نہ صرف بہادری بلکہ صبر وحکمت کی اعلیٰ مثالیں قائم کیں۔ ہمارے جوانوں نے دشمن کی سازشوں، بھوکے پیٹ رہ کر، اور جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ یقیناً جو کربلا سے صبر کا درس لیں وہ ہر حال میں وطن کا دفاع کرتا رہے گا۔

اے میرے محترم قارئین! آزادی کسی ایک دن کی خوشی نہیں بلکہ ذمہ داری ہے۔ یہ قربانیوں اور خون سے حاصل کی گئی امانت ہے۔ آج ہمارا فرض ہے کہ ہم اس وطن کو محبت، محنت، اور اتحاد سے مزید مضبوط بنائیں۔ ہم عہد کریں کہ وطن کے دفاع، ترقی، اور خوشحالی کے لیے ہم سب ایک ہیں۔ پاکستان زندہ باد!

بزم ادویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

وظیفہ

شوہر کے مبینگے تھا خاوند کی پہلے بھی بیوی تھی لیکن اس سے اولاد نہیں تھی لہذا امیر خاوند نے اس سے دوسری شادی کر لی جب یہ حالہ ہوئی تو غرور تکبر کے آسمان پر اڑنے لگی کہ میں تم کو اولاد دینے جارہی ہوں لہذا اب تم سال پہلے میاں وفات پا گیا میاں کے چلے جانے کے بعد ساری جائداد کا مالک اس کا بیٹا اور یہ عورت تھی اب یہ بیٹے کے بل بوتے پر اور بھی راج کرنی تھی اس کے ظلموں کا سلسلہ جاری وساری تھا آخر کار رب کی لاٹھی حرکت میں آئی اور اس کا اکلوتا بیٹا بیمار ہو گیا اس کی بیماری سے پہلے اس نے سینکڑوں لڑکیوں کو ٹھکرایا تھا جو کے لیے رشتہ دیکھنے جاتی لیکن مسترد کر کے آجاتی بد دعاؤں کا سلسلہ اس کا تعاقب کر رہا تھا جس بیٹے کے زعم غرور میں یہ مغرور مالکن بنی تھی وہی بیمار ہوا اور پھر بہت بیماری بڑھتی چلی گئی اس نے دولت کے زور پر بیماری کو روکنے کی پوری کوشش کی لیکن بد دعا سب کام کرتی ہے تو پھر اس کے سامنے ہر چیز فیل ہو جاتی ہے یہ ڈاکٹروں ہسپتالوں کے چکروں میں پیگم کو پتا چلا کہ بیماری لاعلاج ہے اس کی بیماری زور پکڑتی گئی جوں جوں دعا کی آخر کار روحانی علاج کو کسی نے جادو کر دیا یہ نظر بد لگ گئی ہے اب بابوں منگوں کی چاندی ہوگئی بابوں کی بھاگ دوڑ میں بہت سارے لوگوں نے میرا ذکر کیا تو یہ جاننی تھی کہ میرے اس کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں ہیں تو اپنی نند کے ذریعے مجھے فون کیا تو کہنے لگی کہ بھائی کو دیکھیں میں کے خاوند کو پوند کرتا تھا فوری مان گیا دوسرا میرے دل میں کسی کے لیے نفرت کیدہ دشمنی بھی نہیں ہوتی لہذا آج میں اس اپر پتی بی بی کے گھر تھا حادث کرنے کے بعد شرمندہ شرمندہ سی میرے پاس آئی میں بیٹے سے ملا دعا کی دلکیدہ بتایا اور پھر جب میں واپس جانے لگا تو مالکن درخواست گزار لہجے میں بولی مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ یہ ٹھیک ہو جائے تو میں نے غور سے اس کی آنکھوں میں جھانکا اور کہا تم نے اپنی سوتن کو جو طلاق دلائی تھی اُس سے معافی مانگ لو تو بولی وہ تو مرگئی ہے تو میں نے کہا اُس کی قبر پر جا کر معافی مانگوں شاید خدا اتنی کو تم پر رحم آجائے اور بیٹا صحت مند ہو جائے۔

بھی ساتھ تھا خاوند کی پہلے بھی بیوی تھی لیکن اُس سے اولاد نہیں تھی لہذا امیر خاوند نے اس سے دوسری شادی کر لی جب یہ حالہ ہوئی تو غرور تکبر کے آسمان پر اڑنے لگی کہ میں تم کو اولاد دینے جارہی ہوں لہذا اب تم سال پہلے میاں وفات پا گیا میاں کے چلے جانے کے بعد ساری جائداد کا مالک اس کا بیٹا اور یہ عورت تھی اب یہ بیٹے کے بل بوتے پر اور بھی راج کرنی تھی اس کے ظلموں کا سلسلہ جاری وساری تھا آخر کار رب کی لاٹھی حرکت میں آئی اور اس کا اکلوتا بیٹا بیمار ہو گیا اس کی بیماری سے پہلے اس نے سینکڑوں لڑکیوں کو ٹھکرایا تھا جو کے لیے رشتہ دیکھنے جاتی لیکن مسترد کر کے آجاتی بد دعاؤں کا سلسلہ اس کا تعاقب کر رہا تھا جس بیٹے کے زعم غرور میں یہ مغرور مالکن بنی تھی وہی بیمار ہوا اور پھر بہت بیماری بڑھتی چلی گئی اس نے دولت کے زور پر بیماری کو روکنے کی پوری کوشش کی لیکن بد دعا سب کام کرتی ہے تو پھر اس کے سامنے ہر چیز فیل ہو جاتی ہے یہ ڈاکٹروں ہسپتالوں کے چکروں میں پیگم کو پتا چلا کہ بیماری لاعلاج ہے اس کی بیماری زور پکڑتی گئی جوں جوں دعا کی آخر کار روحانی علاج کو کسی نے جادو کر دیا یہ نظر بد لگ گئی ہے اب بابوں منگوں کی چاندی ہوگئی بابوں کی بھاگ دوڑ میں بہت سارے لوگوں نے میرا ذکر کیا تو یہ جاننی تھی کہ میرے اس کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں ہیں تو اپنی نند کے ذریعے مجھے فون کیا تو کہنے لگی کہ بھائی کو دیکھیں میں کے خاوند کو پوند کرتا تھا فوری مان گیا دوسرا میرے دل میں کسی کے لیے نفرت کیدہ دشمنی بھی نہیں ہوتی لہذا آج میں اس اپر پتی بی بی کے گھر تھا حادث کرنے کے بعد شرمندہ شرمندہ سی میرے پاس آئی میں بیٹے سے ملا دعا کی دلکیدہ بتایا اور پھر جب میں واپس جانے لگا تو مالکن درخواست گزار لہجے میں بولی مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ یہ ٹھیک ہو جائے تو میں نے غور سے اس کی آنکھوں میں جھانکا اور کہا تم نے اپنی سوتن کو جو طلاق دلائی تھی اُس سے معافی مانگ لو تو بولی وہ تو مرگئی ہے تو میں نے کہا اُس کی قبر پر جا کر معافی مانگوں شاید خدا اتنی کو تم پر رحم آجائے اور بیٹا صحت مند ہو جائے۔

SHOWBIZ شوبز

فلم میں حقیقی گینگسٹر کے ساتھ کام کیا، کافی خوفزدہ تھی، بھاگیہ شری

ہر وہ شخص جو جرم بنتا ہے وہ پیدائشی مجرم نہیں ہوتا بلکہ اسے حالات ایسے بنا دیتے ہے

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ بھاگیہ شری نے اکشاٹ کپور کا کیف، بالی وڈ میں ایک نیا گینگسٹر کے ساتھ کام کیا، انکا کہنا ہے کہ وہ اس دوران کافی خوفزدہ تھی، لیکن جب ان سے بات ہوئی تو خوف دور ہو گیا۔ بھاگیہ شری جنہوں نے بالی وڈ کا آغاز 1989 کی فلم میں نے پیار کیا سے کیا اور اگلی سلمٰی خان کی فلم کافی کامیاب رہی۔ لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ انھیں ایک بار ایک حقیقی زندگی کے گینگسٹر کے ساتھ کام کرنا پڑا تھا جس کے الزامات کا سامنا تھا۔ 57 سالہ اداکارہ نے اپنے کیا حالیہ تجربے میں بتایا کہ وہ شروع میں اس کے ساتھ کام کرنے سے ڈری ہوئی تھیں۔

ترپتی دمری نے اینیمل کے بعد غلط فلموں کا انتخاب کیا

اداکارہ رنبیر کپور کی فلم اینیمل میں نظر آئی اور ساتھ ہی شہرت کی بلندی پر پہنچ گئی

کے انتخاب پر گفتگو کی۔ 31 سالہ اداکارہ رنبیر کپور کی فلم اینیمل میں نظر آئی اور ساتھ ہی شہرت کی بلندی پر پہنچ گئی، فلم کے بعد ہی ان کے ڈیٹ بڈ بھی ملے۔ حالیہ دنوں میں خبر وہ اداکارہ کو تھیٹر کا سامنا اسکیچ کیلئے ہی ملا تھا، اور اب وہ ایک ویڈیو بھی فلموں میں کام کیا، جو شیما پر اپنا اثر نہ چھوڑ سکیں۔ حالیہ انٹرویو میں بورجیہ بچہ نے کہا کہ ترپتی بہت ہی شاندار اداکارہ ہے، وہ کیمرے کے سامنے اچھی لگتی ہے۔ مجتی ہونے کے ساتھ حساس بھی ہے، بس اس کے اندر کچھ متعلق ٹیلنٹ درست نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھی وہ چیز ہے جو ایک اداکار کو سمجھنی پڑتی ہے، ایکٹر کو وہ ٹیلنٹ کرنا ہوتے ہیں جو مشکل ہوں، اچھے کلاکاری بھی ضرور آوٹ ہو جاتے ہیں وہ کم بک کرے گی۔ اداکارہ کے ایکٹنگ کو تج نے بھی کہا کہ عرفان خان ایک عظیم پرفارمر تھے، لیکن وہ بھی بھٹہ یا تبدیلی نہیں دے پائے، لوگوں کو فلم میں بلکہ پرفارمر کو پہچاننا ہوگا۔

انجلینا جولی کے تاریخی اور تعیش محل نما گھر فروخت کیلئے تیار

انجلینا جولی نے یہ جائیداد 2017 میں 2 کروڑ 45 لاکھ ڈالر میں خریدی تھی

انجلینا جولی نے اپنے تاریخی گھر کو فروخت کرنے کی تیاری شروع کر دی، ان کا گھر کسی زمانے میں مشہور فلمساز سیسل بی ڈی میلDe Cecil B Mill کی رہائش گاہ تھا۔ انجلینا جولی نے یہ جائیداد 2017 میں 2 کروڑ 45 لاکھ ڈالر میں خریدی تھی، یہ فلم گھر ان کیلئے بہت خاص ہے، اکثر یہ زیادہ تر وہ رہتے ہیں، جہاں ڈیسل تقریباً 40 سال تک مقیم رہے تھے۔ 1913 میں تعمیر ہونے والے اس مکان میں 6 بیڈ رومز، 10 باتھ رومز، 4 گیسٹ ہاؤسز، ایک وسیع وآن سیلر، جائے خانہ، گرنجہ آبزرویٹری کے علاوہ، رکی باغات اور پھولوں والے پول شامل ہیں۔ بالی وڈ اداکارہ انجلینا جولی نے کورونا وائرس کی وباء کے دوران اپنے بچوں کے ساتھ اسی گھر میں قیام کیا اور اس کے بعد سے وہ لگاتار اسی جگہ پر رہ رہی ہیں۔ اس گھر کو اسے کم کرنے والے دوستوں کو بھی یہاں بلانا پسند کرتی ہیں۔ اس جائیداد کو اصل طرز تعمیر کے مطابق بحال کیا گیا ہے، جس میں تھیم مولڈنگ، ڈھلائی لکڑی کا کام، اسٹاڈ ڈرائنگ روم اور فرانسیسی دروازے شامل ہیں۔

کم سن بچوں کے آداب سے متعلق زارا نور عباس کی پوسٹ پر بحث چھڑ گئی

بعض افراد نے اداکارہ زارا عباس سے اختلاف جب کہ بعض نے اختلاف کیا

کراچی (این این آئی) اداکارہ زارا نور عباس کی جانب سے کم سن بچوں کی تربیت اور ماؤں پر کی جانے والی تنقید کے حوالے سے کی جانے والی انسٹاگرام اسٹوریز کے بعد سوشل میڈیا پر بحث چھڑ گئی، بعض افراد نے اداکارہ سے اتفاق جب کہ کچھ نے اختلاف کیا۔ انہوں نے انسٹاگرام اسٹوریز میں بتایا کہ ایک ریستوران میں ان کی بیٹی نے خوشی میں چیخنے پر تربیت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پہلے انہیں بھی غصہ اور بعد ازاں جب بچی نے دوسری بار چیخی تو اسی دیر موجود دوسرے شخص نے ان کی بچی کو چپ کروا دیا۔

74 سالہ رجنی کانت کے فلم قلی کیلئے معاوضے سے سب کو حیران کر دیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کے لجنڈری اداکار رجنی کانت کے فلم قلی کیلئے معاوضے سے سب کو حیران کر دیا۔ بھارت کے لجنڈری اداکار رجنی کانت کی فلم قلی 14 اگست کو ریلیز ہوگی، اس فلم میں عامر خان مختصر کردار میں نظر آئیں گے جو کہ 15 سے 20 منٹ کا ہے اور اس کیلئے سٹار سپر سٹار نے 20 کروڑ بھارتی روپے معاوضہ وصول کیا۔

سویرا ندیم نے سوشل میڈیا پر اپنی تصاویر شیئر کر دیں

اس بار سویرا ندیم کو اپنے مداحوں اور سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تنقید کا سامنا

کراچی (این این آئی) دوستاں اداکارہ سویرا ندیم نے ڈرامہ سیریز کے سیٹ سے کچھ تصاویر شیئر کی ہیں جو ان کے مداحوں کو پائل پسند نہیں آئیں۔ سویرا ندیم کے حسن اور اداکاری میں گرفتار مداحوں کو تھوڑا کمی زیادہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی سوشل میڈیا پوسٹوں پر مداحوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ تاہم اس بار سویرا ندیم کو اپنے مداحوں اور سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تنقید کا سامنا ہے۔ جنھوں نے اپنی پسندیدہ اداکارہ کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ کسی اداکارہ کو اوور ایڈیٹنگ پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا ہو، لیکن سویرا نے چپ "نیچرل" اینگلز کی۔

کپل شرما کو ممبئی پولیس نے سیکیورٹی فراہم کر دی

کپل شرما فائرنگ کے واقعات کے بعد سے کینیڈین حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی کامیڈین کپل شرما کو ممبئی پولیس نے سیکیورٹی فراہم کر دی ہے کیونکہ پچھلے 1 ماہ میں کینیڈا میں ان کے کیفے پر 2 مرتبہ فائرنگ کے واقعات پیش آچکے ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 43 سالہ کپل شرما نے رواں سال کے آغاز میں کینیڈا میں غیر قانونی کاروباری مصوبے کے تحت کیفے کھولنے کا اعلان کیا۔ بھارتی کامیڈین کے کیفے پر 10 جولائی اور 17 اگست کو فائرنگ کے واقعات رونما ہوئے، جن میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا لیکن فائرنگ کا ٹرمالوں نے مقامی سیکورٹی خدشات پیدا کیے ہیں۔ کینیڈین پولیس تاحال فائرنگ کا نشانہ بننے والے واقعات کے بارے میں کچھ نہیں بتا رہی لیکن میڈیا میں یہ تاثر گیا کہ حملے کا نشانہ بننے والا کیفے کپل شرما کا ہی ہے۔ کینیڈین پولیس گذشتہ دو ہفتوں کے واقعات کی تحقیقات کر رہی ہے۔

SPORTS سپورٹس

ایشیا کپ اور سہ فریقی سیریز کیلئے پاکستانی اسکواڈ میں تبدیلیوں کا امکان

فاسٹ بولر سلمان مرزا اور آل راؤنڈر احمد دانیال کی واپسی کا امکان ہے

ممبئی (این این آئی) ایشیا کپ اور سہ فریقی سیریز کے لیے پاکستان کے اسکواڈ میں تبدیلیوں کا امکان ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے افغانستان اور بنگلہ دیش کے خلاف آئندہ ماہ سہ ملکی سیریز کے ساتھ ساتھ ایشیا کپ 2025 کے لیے نئی اسکواڈ کا اعلان جلد متوقع ہے۔ یہ اسی ماہ سہ فریقی سیریز کے لیے ٹیم میں چند تبدیلیوں کا امکان ہے۔ فاسٹ بولر سلمان مرزا اور آل راؤنڈر احمد دانیال کی واپسی کا امکان ہے۔ رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ سینئر فاسٹ بولر شاہین آفریدی اور حارث رؤف کو سیریز کے دوران ورک لوڈ مینجمنٹ کے لیے آرام دیا جاسکتا ہے۔

ایشیا کپ 2025: ہربھجن سنگھ نے زہر اگلنا شروع کر دیا

جودہ جذبات کو دیکھتے ہوئے ایشیا کپ میں پاکستان کا بائیکاٹ کرنا چاہیے تھا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق اسپنر ہربھجن سنگھ کی بیٹھک سے بھی کوشش ہوگئی ہے کہ پاکستان کے خلاف زہر آلود بیانات دے کر لوگوں کی توجہ حاصل کی جاسکے۔ ہربھجن سنگھ کے شیطب اختر، شاہد آفریدی، عظیم متناقد اور محمد یوسف جیسے کئی سابق پاکستانی کھلاڑیوں اور دوستیاں رہی ہیں مگر اس کے باوجود وہ پاکستان کے خلاف زہر اگلنے سے باز نہیں آتے۔ تاہم اب انہوں نے ایشیا کپ 2025 شروع ہونے سے قبل ہی بیزرمرانی شروع کر دی ہے۔ سابق اسپنر نے پاکستان کے خلاف ایشیا

بقیہ 1

سویٹ ہوم کا دورہ کیا۔ پاکستان سویٹ ہوم کے پیٹرن ان چیف لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیاض الدین احمد خان، ایئر کموڈور (ر) ظہیر احمد بابر، ایئر کموڈور (ر) ذوالفقار علی، ایئر کموڈور (ر) محمد ارشد ملک، ایئر کموڈور (ر) محمد ارشد ملک، ایئر کموڈور (ر) محمد ارشد ملک

چیئرمین بلاول نشانِ امتیاز ملنا ہمارے لئے فخر کی بات ہے، سینیٹر روبینہ خالد

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے انتہائی گھمبیر صورتحال میں بھارتی وزیراعظم کا اصلی چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کیا اور پاکستان کے جمہوری مؤقف کا بھرپور دفاع کیا

بلاول بھٹو زرداری شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملک کی سالمیت اور جمہوری اقدار کے لیے سرگرم ہیں

اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹر رحمٰن ملک کی سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو نشانِ امتیاز ملنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے جیئے بلاول بھٹو زرداری کو یہ اعزاز ملنا ہمارے لیے فخر کی بات ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے انتہائی گھمبیر صورتحال میں بھارتی وزیر اعظم کا اصلی چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کیا اور پاکستان کے جمہوری مؤقف کا بھرپور دفاع کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری شہید ذوالفقار (یقیہ نمبر 2 7)

یوم آزادی کے روز شہریوں کو ٹریفک چالان سے چھوٹ دی گئی

لاہور (این ایس آئی) آزادی کے روز شہریوں کو ٹریفک چالان سے چھوٹ دی گئی۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یوم آزادی پر ٹریفک کی خلاف ورزی پر ٹریفک وارڈن کی جانب سے صرف وائرنگ دی گئیں، 600 وارنز نے اہم شاہراہوں پر ڈیوٹیاں سرانجام دیں۔ دوسری جانب سی ٹریفک پولیس کی آزادی ریلی (یقیہ نمبر 2 9)

فیصل آباد، پولیس مقابلے میں 3 ڈاکو ہلاک، ساتھی فرار

فیصل آباد (این ایس آئی) فیصل آباد کے تھانہ اینڈیمرک کے علاقے عباس پور و دیگر میں ڈی ڈی فیصل آباد اور ڈاکوؤں کے درمیان ہونے والے پولیس مقابلے میں 3 خطرناک ڈاکو جنید ان کے ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق سب انسپکٹر امیر رضا شاہ، علی اکرام، انسپکٹر صدیق جیسے، انسپکٹر سرفراز اور قادر گل ناظر سمہ فقیری عباس پور و دیگر ناکہ بندی کیے ہوئے (یقیہ نمبر 3 0)

جشن آزادی 14 اگست کے موقع پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی کی تقریب

راولپنڈی (این ای این) جشن آزادی 14 اگست کے موقع پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، ایس پی سیکورٹی راجہ اصغر ڈی ایس پی لائنز ہیڈ کوارٹرز سمیت دیگر افسران موجود تھے۔ راولپنڈی پولیس کے جاتی و چند درجے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی۔ تقصیلات کے مطابق جشن آزادی 14 اگست کے موقع پر (یقیہ نمبر 3 3)

راولپنڈی، یوم آزادی کے موقع پر راولپنڈی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی کی تقریب

انجمن تاجران راولپنڈی کینٹ کے زیر اہتمام جشن آزادی کی پروقار تقریب

سی پی او سید خالد ہمدانی نے جشن آزادی کے سلسلہ میں کیک بھی کاٹا

راولپنڈی (این ای این) انجمن تاجران راولپنڈی کینٹ کے زیر اہتمام جشن آزادی کی پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی کی تقریب میں خصوصی شرکت، سی پی او کینٹ، ایس ایچ او کینٹ اور انجمن تاجران کے صدر اور سول (یقیہ نمبر 2 8)

سی پی او سید خالد ہمدانی جشن آزادی کے سلسلہ میں منعقد تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا چہلم کے جلوس کیلئے بہترین ٹریفک پلان

شہریوں کی رہنمائی کے لیے متبادل راستے اور پارکنگ ایریاز مختص

اسلام آباد (این ای این) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد ٹریفک پولیس نے چہلم کے جلوس کے لیے بہترین ٹریفک انتظامات یقینی بنایا۔ اس حوالے سے خصوصی ٹریفک پلان جاری کیا گیا ہے، جس کے مطابق جلوس جی سکس کی مرکزی امام بارگاہ سے برآمد ہو کر مقررہ راستوں سے گزرتا ہوا وہیں اختتام پذیر (یقیہ نمبر 3 1)

یوم آزادی پر الحجت گفٹ سنٹر اور شمیر نیٹ کیفے میں تقریب

ممبر پنجاب اسمبلی مہوش سلطانہ اور سلطان عزم الامر کی شرکت

چوآ سیدن شاہ (غلام شہزاد سے) یوم آزادی اور معرکہ حق کی مناسبت سے الحجت گفٹ سنٹر اور شمیر نیٹ کیفے کی جانب سے ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں مہمان خصوصی کے طور پر ممبر پنجاب اسمبلی محترمہ مہوش سلطانہ اور سلطان عزم الامر نے شرکت کی۔ اس موقع پر تقریب کے میزبان ملک شبیر نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ (یقیہ نمبر 3 2)

نلسٹس پر ویکشن ایکٹ میں ترامیم کی منظوری قابل ستائش ہے

انٹرنیشنل فیڈریشن آف جرنلسٹس کی صدر ڈومینیک پیراڈی کا پی ایف یو جے کی پالیسی کے موقع پر مبارکباد کا ویڈیو پیغام

پاشبہ پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کی کامیابی دنیا کے دیگر لوگوں کو پریس کی آزادی کے لئے لڑنے کے لیے ایک حوصلہ فراہم کرے گی

لاہور (پ۔ر) انٹرنیشنل فیڈریشن آف جرنلسٹس (آئی ایف جے) کی صدر ڈومینیک پیراڈی نے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (پی ایف یو جے) کی پالیسی کے موقع پر مبارکباد کا ویڈیو پیغام بھیجا ہے۔ اپنے پیغام میں ڈومینیک نے کہا ہے کہ پاشبہ پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ دنیا کے دیگر لوگوں کو پریس کی آزادی کے لئے لڑنے کے لیے ایک حوصلہ فراہم کرے گی۔ (یقیہ نمبر 3 4)

یوم آزادی پر مزار قائد و اقبال پر گارڈز تبدیلی کی پروقار تقاریب

پاکستان نیول اکیڈمی کے چاق و چوبند 9 کیڈٹس نے مزار قائد پر فرائض سنبھالے

لاہور (کرائم ایجنسی) (این ای این) پاکستان کے ملک بھر میں 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر کراچی میں مزار قائد اور لاہور میں مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقاریب ہوئیں۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر کراچی میں مزار قائد اور لاہور میں مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی خوش اور قومی (یقیہ نمبر 3 5)

لاہور ڈویژن بٹالین الفلاحت عامر غلام ستمبر شاہد بخش آزادی کے موقع پر پرچم لہرا رہے ہیں

رینج الاول کا چاند 24 اگست کو نظر آنے کا امکان ہے، سپارکو

لاہور (این ای این) سپارکو نے رنج الاول 1447 ہجری کے چاند کی متوقع رویت بارے پیشگوئی کر دی۔ سپارکو کے مطابق رینج الاول کا چاند 23 اگست 2025 کو دن 11:06 پجے پیدا ہونے کی توقع ہے، 24 اگست 2025 کو غروب آفتاب کے وقت سے چاند کی عمر تقریباً 32 گھنٹے اور 13 منٹ ہوگی۔ سائلی علاقوں میں غروب آفتاب اور غروب قمر کے درمیان (یقیہ نمبر 3 6)

یوم آزادی، وفاقی وزیر قیصر شیخ کی جانب سے شہریوں میں 5 لٹر پٹرول تقسیم کیا گیا

لاہور (این ای این) وفاقی وزیر بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے 14 اگست پر جشن آزادی منانے کا منفرد انداز اپنایا۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے جشن آزادی کی خوشی میں شہریوں میں 5 لٹر کی پٹرول کی پرچیاں تقسیم کیں۔ گزشتہ کئی سالوں سے قیصر احمد شیخ اپنے چیئنٹ میں واقع ڈیسے پر پٹرول کی پرچیاں تقسیم کر رہے ہیں۔ موٹر سائیکل سواروں اور رکشہ ڈرائیوروں کو 5 لٹر پٹرول کی پرچیاں دی جا تی ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں (یقیہ نمبر 3 7)

فوری ضرورت

عوامی للکار

Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم 7 ویں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کر رہی ہیں

لاہور ہائیکورٹ میں یوم آزادی کے سلسلہ میں پرچم کشائی تقریب

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے عدالت عالیہ کی عمارت پر پرچم لہرایا

لاہور (این ای این) لاہور ہائیکورٹ میں 78 ویں یوم آزادی کے سلسلہ میں پرچم کشائی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے عدالت عالیہ لاہور کی تاریخی عمارت پر پرچم لہرایا۔ لاہور ہائیکورٹ جسٹس (یقیہ نمبر 3 8)

سید ریاض حسین شاہ ہمدانی کی قل شریف پر روح پرور محفل

آشکبار آنکھوں میں بیٹے کی دستار بندی اور دعاؤں کا سماں

چوآ سیدن شاہ (غلام شہزاد سے) آستانہ عالیہ سیال شریف میں سید ریاض حسین شاہ ہمدانی کی قل شریف روح پرور محفل، آشکبار آنکھیں، بیٹے کی دستار بندی اور دعاؤں کا سماں آستانہ عالیہ سیال شریف میں ایک پروقار اور روح پرور محفل کا انعقاد ہوا، (یقیہ نمبر 3 9)

ڈی جی پریس انفارمیشن ڈپارٹمنٹ لاہور شفقت عباس معروف تجزیہ نگار سلمان غنی، سلیم شیخ و دیگر کے ہمراہ ڈی آئی جی لاہور میں 78 ویں یوم آزادی پاکستان پر پولائنگ گرنجر کی بحالی مہم کا آغاز کر رہے ہیں

کندھ کوٹ، جشن آزادی انتہائی جوش جذبہ سے منایا گیا

سٹیڈیم گراؤنڈ قومی ترانوں اور پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اُٹھا

ڈپٹی کمشنر آغا شیر زمان اور ایس ایس پی محمد مراد کھاکھر کے ولولہ انگیز خطابات

پرچم کشائی، قومی نغمے، ٹیبلو اور ثقافتی رنگ تقریب کی شان بڑھا گئے

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز ملغ) کندھ کوٹ ملک بھر کی طرح ضلعی کشمور کے شہر کندھ کوٹ میں بھی 14 اگست یوم آزادی نہایت عقیدت اور قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ صبح 8 بجے اسٹیڈیم گراؤنڈ میں ہونے والی مرکزی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، اس کے بعد قومی ترانہ بلند آواز میں پڑھا گیا اور فضا پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اُٹھی۔ گراؤنڈ کو سبز ہلالی پرچموں اور جھنڈیوں سے دلکش انداز میں سجایا گیا تھا جبکہ مختلف اسکولوں کے طلبہ، اساتذہ، سرکاری محکموں کے افسران، سماجی رہنما، تاجر (یقیہ نمبر 4 0)

یوم آزادی پر گوگل کا قومی پرچم والا خصوصی ڈوڈل جاری

گوگل نے پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی پر قومی پرچم والا خصوصی ڈوڈل جاری کر دیا

اسلام آباد (این ایس آئی) دنیا کے سب سے زیادہ استعمال ہونے والے سرچ انجن گوگل نے پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے ہوم پیج پر خصوصی ڈوڈل پاکستان کے نام کر دیا، جس میں سبز و سفید پرچم لہراتے آسمان کے پس منظر میں لہراتا دکھائی دے رہا ہے، اس ڈوڈل میں تخلیقی انداز سے پرچم کے عقب پر گوگل کا نام بھی لکھا گیا ہے۔ گوگل کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 14 اگست 1947 کو پاکستان (یقیہ نمبر 4 1)

خیبر پختونخوا پولیس پر 5 دہشت گرد حملے، 5 اہلکار شہید

پولیس موبائل پر دہشتگرد حملے میں 3 اہلکار، پشاور اور دیر پائیں میں ایک ایک اہلکار شہید

پشاور/لوئر دیر (این ایس آئی) خیبر پختونخوا میں پولیس پر 5 دہشت گرد حملوں میں 5 اہلکار شہید اور 5 ذخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دہشت گردوں نے ایک وقت ایرپورٹ لوئر دیر اور پشاور میں پولیس کانوائے نشانہ بنایا۔ ایرپورٹ میں پولیس موبائل پر دہشتگرد حملے میں 3 اہلکار شہید اور 3 ذخمی ہوئے۔ دوسری جانب پشاور میں تھانہ حسن خیل علاقے میں ایک پولیس اہلکار شہید اور ایک ذخمی ہوا۔ دیر پائیں میں پولیس چوکی پر حملے میں پولیس کانسٹیبل شہید جبکہ (یقیہ نمبر 4 2)

یوم جشن آزادی پاکستان پر آئیکسکو ہیڈ آفس میں پروقار تقریب

چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد محمود نے پرچم کشائی کی، افسران و سٹاف ممبران کی شرکت

اسلام آباد (کرائم ایجنسی) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) میں پاکستان کا 78 واں جشن آزادی اور فتح معرکہ حق کو بھرپور اور قومی جذبے سے منایا گیا۔ تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو محمود اور آئیسکو کے تمام سینئر افسران سٹاف ممبران اور ان کے اہل خانہ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان کی سرپلندی، پاکستان (یقیہ نمبر 4 3)

آئیسکو ہیڈ آفس میں یوم آزادی پاکستان کی تقریب پر چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو پرچم کشائی کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان مونومنٹ پر پرچم کشائی کی

تقریب کے موقع پر وفاقی وزراء بھی موجود تھے اور اسکولوں کے بچوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی

اسلام آباد (این ای این) یوم آزادی کے موقع پر پاکستان مونومنٹ پر پرچم کشائی کی تقریب ہوئی جس میں وزیراعظم شہباز شریف نے پرچم کشائی کی۔ پرچم کشائی کی تقریب کے موقع پر وفاقی وزراء بھی موجود تھے اور اسکولوں کے بچوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ ثقافتی لباس میں ملبوس ننھے بچوں نے وزیراعظم کو پاکستان مونومنٹ کے پھول پیش کیے۔ پرچم کشائی کی تقریب کے موقع پر ملی جوش و جذبے سے قومی ترانہ پڑھا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی اور یادگار پاکستان پر پھول رکھے۔

قومی اہمیت کے دنوں پر پی ٹی آئی کا احتجاج معمول بن گیا ہے

ایک شخص قومی دنوں اور تہواروں پر پی ٹی آئی کو فوقیت دیتا ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (این ایس آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 14 اگست اور دوسرے قومی اہمیت کے دنوں پر پی ٹی آئی کا احتجاج معمول بن گیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک شخص قومی دنوں اور تہواروں پر پی ٹی آئی کو فوقیت دیتا ہے، پی ٹی آئی نے کبھی دہشت گردی کی مذمت نہیں کی۔ خواجہ آصف کے مطابق اسد قیصر نے کہا وہ کے پی میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن نہیں کرنے دیں گے۔ انہوں نے مزید (یقیہ نمبر 4 4)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

گوجر خان معرکہ حق اور جشن آزادی کی مناسبت سے تقاریب

بلدیہ آفس ٹی ایچ کیو پوشہار پریس کلب گرلز ڈگری کالج ٹریفک وارڈن آفس میں کیک کاٹنے سمیت پرچم کشائی کی تقاریب منعقد ہوئیں

افواج پاکستان کو زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ملک وقوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

گوجر خان (قرشی راد) ملک بھر کی طرح گوجر خان میں بھی 78 واں جشن آزادی اور معرکہ حق پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا 14 اگست کی مناسبت سے بلدیہ آفس پوشہار پریس کلب گوجر خان (قرشی راد) ہسپتال گورنمنٹ گریجویٹ گرلز ڈگری کالج اور ٹریفک وارڈن آفس گوجر خان میں رنگا رنگ تقاریب کا انعقاد کیا گیا اور کیک کاٹنے کے بعد گزشتہ رات گوجر خان انتظامیہ کی جانب سے ریلے۔ روڈ ریلی میں معرکہ حق اور جشن آزادی کی خوشی میں اعتبار ی کی گئی جبکہ ایڈمنسٹریٹر گوجر خان سی او بلدیہ سے ایم ایس ٹی ایچ کے ہمراہ ہسپتال (یقیہ نمبر 4 5)



راولپنڈی، یوم آزادی پر راولپنڈی پولیس کا شہر پر میں ٹریفک مارچ

راولپنڈی پولیس کا فلیگ مارچ، فلیگ مارچ میں شرکت کی

یوم آزادی کے حوالے سے پولیس گاڑیوں پر قومی پرچم لہرایا گیا

راولپنڈی (این ای این) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر یوم آزادی پر راولپنڈی پولیس کا فلیگ مارچ، ایس پی سیکورٹی، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او زکی فلیگ مارچ میں شرکت، یوم آزادی کے حوالے سے پولیس گاڑیوں پر قومی پرچم لہرایا گیا، فلیگ مارچ پولیس لائنز سے شروع ہو کر غلہ چوک، اڈیالہ ائیر پورٹ روڈ کرال چوک، مری (یقیہ نمبر 4 7)

جاپانی سفیر کی پاکستانیوں کو یوم آزادی کی مبارکباد

جاپانی سفارتخانے کے عملے نے فل کرتوتی نغمہ "جیوے جیوے پاکستان" بھی گایا

اسلام آباد (این ایس آئی) پاکستان میں تعینات جاپانی سفیر اکاما سوشو چی نے پاکستانی عوام کو یوم آزادی کی مبارکباد دی ہے۔ اکاما سوشو چی نے یوم آزادی پر اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ آپ سب کو پاکستان کے یوم آزادی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جاپان ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کے لیے آپ کے (یقیہ نمبر 4 9)

ہشتگردوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 850 سے زائد سوشل میڈیا بلاک

پاکستان کا الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پراپیگنڈے سے پاک، مشرت پسند گروہ سوشل میڈیا پر تشدد کو فروغ دے رہے ہیں، حکام

حکومت نے عالمی پلیٹ فارمز سے 3 ٹوکی مطالبہ کیا کہ دہشت گردوں سے منسلک تمام اکاؤنٹس مستقل بند کیے جائیں

اسلام آباد (این ایس آئی) پاکستان میں دہشت گردوں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا گیا، جس میں 850 سے زائد اکاؤنٹس رپورٹ اور سیکورٹی بلاک کر دیے گئے ہیں۔ حکومت نے آئن لائن دہشت گردی کے خاتمے کے لیے فیصلہ کن اقدام کرتے ہوئے مختلف عالمی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کالعدم تنظیموں کے سیکڑوں اکاؤنٹس رپورٹ اور بلاک کر دیئے۔ ساتھ ہی عالمی برادری سے اپنا پندنامہ پر ایکشن لاروکے میں یکساں عزم دکھانے کی اپیل بھی کی گئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق تحقیقی سائبر کرائم (یقیہ نمبر 5 0)

سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس ہیڈ کوارٹرز میں چہلم امام حسینؑ کے حوالے سے میٹنگ

پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں چہلم حضرت امام حسینؑ کے حوالے سے میٹنگ

ممبران امن کمیٹی، انجمن تاجران کے عہدیداران، جلوسوں کے بانیان و انتظامیہ کی شرکت

راولپنڈی (این ای این) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں چہلم حضرت امام حسینؑ کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی پوشہار، ایس پی راول، ایس پی سٹی، ایس ڈی پی او آئی اے، ایس پی سیکورٹی اور دیگر (یقیہ نمبر 5 2)

موٹر سائیکل سوار لڑکی پر نامعلوم شخص کا تشدد، ویڈیو سامنے آگئی

ملزم نے بیٹی آمنہ کو تشدد کے ساتھ ساتھ اغوا کرنے کی بھی کوشش کی، والدہ

لاہور (این ای این) چوہنگ کے علاقے میں نامعلوم شخص کی جانب سے موٹر سائیکل سوار لڑکی پر تشدد کا شرمناک واقعہ پیش آیا ہے۔ ملزم کی لڑکی پر تشدد کی ویڈیو بھی سامنے آگئی جبکہ ملزم تشدد کے بعد موقع سے فرار ہو گیا۔ لڑکی کی والدہ فرزانہ نے درج مقدمے میں بتایا کہ گھر سے سودا سلف لینے کے لیے میری بیٹی جا رہی تھی کہ موٹر سائیکل پر کھڑے نامعلوم شخص نے تشدد کا نشانہ بنایا۔ والدہ کے مطابق ملزم نے بیٹی آمنہ کو تشدد کے ساتھ ساتھ اغوا کرنے کی بھی کوشش (یقیہ نمبر 5 3)

سی پی او سید خالد ہمدانی کی انجمن تاجران راولپنڈی کینٹ کے زیر اہتمام جشن آزادی کی تقریب میں شرکت

سپریم کورٹ میں 1980 سے کی جگہ 2025 کے روٹز باقاعدہ لاگو

اسلام آباد (این ایس آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے 1980 سے رائج کی جگہ 2025 کے روٹز باقاعدہ لاگو کر دیئے ہیں۔ اس حوالے سے جاری اعلامیے کے مطابق یہ فرمیعد حاضر کے جدید تقاضوں کو مدنظر رکھ کر بنائے گئے ہیں۔ رولز تشکیل کیلئے جسٹس شاہد وحید، جسٹس عرفان سعادت، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس عقیل عباسی پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی گئی تھی۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ تشکیل کردہ کمیٹی نے سپریم کورٹ جنرز، پاکستان (یقیہ نمبر 5 1)

اعجاز چوہدری کے اہل ہونے پر سینیٹ کی خالی نشست پر الیکشن کا شیڈول جاری

لاہور (این ایس آئی) پنجاب سے پی ٹی آئی کے اعجاز چوہدری کی نااہلی کے بعد خالی ہونے والی سینیٹ کی جنرل نشست پر الیکشن 9 ستمبر کو ہوگا۔ ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ شیڈول کے مطابق امیدوار کاغذات نامزدگی 19 اگست سے 20 اگست تک جمع کروا سکتے ہیں اور 21 اگست کو امیدواروں کی حتمی لسٹ جاری ہو گی۔ ترجمان الیکشن کمشن کے مطابق 23 اگست تک کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال مکمل کر لی جائے گی جس کے (یقیہ نمبر 5 4)

ہم اپنی اپنی فیلڈ میں گھر پر کام کریں گے، ملک کا وقار بڑھتا جائے، چیف جسٹس

تمام افواج، جمہوری ادارے مستحکم ہیں، ہم آئینی اداروں کی حفاظت کے لیے کھڑے ہیں، پرچم کشائی تقریب سے خطاب

چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سرفراز ڈوگر، جسٹس محمد آصف، جسٹس اعظم خان، ہائی کورٹ بار اور ڈسٹرکٹ کے عہدیداروں نے شرکت کی

اسلام آباد (این ایس آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سرفراز ڈوگر نے کہا ہے کہ ہم اپنی اپنی فیلڈ میں بھرپور کام کریں گے تاکہ اس ملک کا وقار بڑھتا جائے۔ یوم آزادی کے موقع پر اسلام آباد ہائی کورٹ میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سرفراز ڈوگر، جسٹس محمد آصف، جسٹس اعظم خان، ہائی کورٹ بار اور ڈسٹرکٹ کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ و دیگر ججز نے پرچم کشائی کے بعد پودے (یقیہ نمبر 5 5)

کھوکھر پیلس لاہور میں پرچم کشائی اور کیک کاٹنے کی تقریب

صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر، صدر مسلم لیگ (ن) لاہور سیف الملوک کھوکھر کی شرکت

لاہور (این ایس آئی) 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر کھوکھر پیلس میں پروقار تقریب کا انعقاد جس میں پرچم کشائی اور کیک کاٹنے کی سرگرمیوں کے ذریعے جشن آزادی جوش و خروش سے منایا گیا۔ تقریب میں ایم این اے و صدر مسلم لیگ (ن) لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر، مقامی عمائدین اور عوام کی بڑی تعداد شریک ہوئی تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا، جس کے بعد صوبائی وزیر فیصل نے ملک سیف الملوک کھوکھر کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور شرکاء کے ساتھ جشن آزادی کا کیک کاٹا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ 14 اگست اتحاد، یکجہتی اور قربانی کی یاد دلاتا ہے۔ ہمیں اپنی (یقیہ نمبر 5 6)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035